Islamiat (Urdu Medium) - 5th Class Islamiat Chapter 6 Short Questions

Q1. قرآن مجید میں حضرت داؤد علیہ السلام کا کیا لقب بیان کیا گیا ہے.

Ans 1: قرآن مجید میں حضرت داؤد علیہ السلام کا لقب خلیفتہ الارض بیان کیا گیا ہے.

Q2. مولانارومی کی تصانیف .

Ans 1: مولانا رومی رحمتہ اللہ علیہ کی مایہ ناز کتاب کا نام مثنوعی معنوی ہے.

Q3. اللہ تعالی نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو زندہ آسمانوں پر اٹھالیا. اس کے متعلق قرآنی آیت.

Ans 1: ارشاد باری تعالی ہے. بلکہ اللہ تعالی نے انہیں اپنی طرف اٹھالیا ہے اور اللہ بڑا غالب بڑا حکمت والا ہے.

Q4. شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کا قول بیان کریں.

Ans 1: شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا. تھوڑی چیز پر خوش رہو اور اہر قناعت کرو.

Q5. شیخ عبدالقادرجیلانی رحمتہ اللہ علیہ نے لوگوں کو کیا تعلیم دی.

Ans 1: آپ نے لوگوں کو تعلیم دی کہ خود کو اپنے رب کی اطاعت سے آراستہ کریں.

Q6. حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کے القابات تحریر کریں.

Ans 1: حیدر، فاتح خیبر اور اسد اللہ تھا.

Q7. دنیا اور آخرت میں کامیابی کس طرح حاصل کی جاسکتی ہے.

Ans 1: محنت، صبر، انصاف اور توکل علی اللہ اپنا کردنیا اور آخرت میں کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے.

Q8. مولانا رومی رحمتہ اللہ علیہ نےکتنے برس کی عمر میں وفات پائی.

Ans 1: آپ نے 68 برس کی عمر میں وفات پائی.

Q9. مباہلے میں آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کون تھے.

Ans 1: مباہلے میں آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اہل بیت شامل تھے.

Q10. حضرت داتا گنج بخش ہجویری رحمتہ اللہ علیہ کی تصانیف کے نام لکھیں.

Ans 1: کشف المحجوب اور کشف الاسرار ہیں.